# حکومت سندھ

## سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی

## ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ ڈپارٹمنٹ

# درخواست برائے پروپوزل

**سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر (G2G&G2P) کی جانچ پڑتال کے لئے ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز کا حصول اور سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کیلئے بسوں اور دیگر گاڑیوں (EV اور ڈیزل ہائی برڈ) کے حصول اور آپریشنز کیلئے پروپوزلز**

**RFP ریفرنس نمبر:** SMTA/CSLTY/PROC/TAS/2024-25

اجراء : 22 جولائی 2024ء

**اسائنمنٹ کی تصریح:**

سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی (SMTA)، ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ ڈپارٹمنٹ (T&MTD) حکومت سندھ پروکیورنگ ایجنسی SPP رولز 2010 (ترمیم شدہ) اور اس RFP نوٹس کی تاریخ اجراء تک رائج کے مطابق اسائنمنٹ "سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر (G2G&G2P) کی جانچ پڑتال کے لئے ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز کا حصول اور سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کیلئے بسوں اور دیگر گاڑیوں (EV، ڈیزل اور ہائی برڈ) کے حصول اور آپریشنز کیلئے پروپوزلز" کے انعقاد کے لئے اہل کنسلٹنٹس سے سربمہر پروپوزلز مدعو کرتی ہے۔

**سروسز کا دائرہ کار:**

اس اسائنمنٹ کے تحت سروسز کی کنسلٹنگ کا دائرہ کار بشمول تاہم ان تک محدود نہیں، ہوگا: بسوں اور دیگر گاڑیوں (ڈیزل، ہائی برڈ اور EV) کے حصول اور آپریشن کے لئے سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر (G2G & G2P) سے موصولہ پروپوزل کی جانچ پڑتال کا کام سرانجام دینے کے لئے مناسب وموزوں تعلیم یافتہ، تجربہ کار فنانشل، ٹیکنیکل اور لیگل ایڈوائزرز کی ٹیم کی نمائندگی کرتے ہوئے بطور ٹرانزیکشن ایڈوائزر SMTA کی معاونت کرنی ہوگی۔

مزید برآں اگر ضرورت پڑی تو سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر (G2G & G2P) سے بسوں اور دیگر وہیکلز (ڈیزل، ہائی برڈ اور EV) کے حصول اور آپریشنز کے لئے سندھ پبلک پروکیورمنٹ اتھارٹی رولز کے تحت پیشکش دہندگان کے لئے بڈنگ کارروائی میں حصہ لینے کے لئے REP کی تیاری کے امور سرانجام دینے ہوں گے اور بڈنگ پروسس اور پیشکشوں کی جانچ پڑتال کے عمل میں SMTA کی معاونت کرنی ہوگی اور RFP دستاویز کی شرائط حوالے کے پیشکش دہندگان کے سوالات کے جوابات اور معلومات کی فراہمی، پروپوزلز کی جانچ پڑتال کو حتمی شکل دینے اور مستحکم سرمایہ کاروں کے ساتھ کنٹریکٹ ایگریمنٹ کرنے کے ضمن میں SMTA کے توسط سے کام کرنا ہوگا۔

**جانچ پڑتال کا معیار:**

اس امکانی پیشکش دہندگان (انفرادی کنسلٹنگ فرم یا کنسورشیم، جو بھی صورتحال ہو) لازماً RFP دستاویز میں صراحت کردہ اہلیت، ٹیکنیکل جانچ پڑتال کے معیار اور دیگر شرائط وضوابط پر پورے اترتے ہوں۔

**بڈنگ کارروائی:**

اسائنمنٹ کے حصول کا انعقاد (b)(2)15 اور (3)72 ایضاً کے تحت مقررہ کارروائی کی تکمیل و پیروی میں کوالٹی اینڈ کاسٹ بیسڈ سلیکشن (QCBS) طریق کار اپناتے ہوئے قومی مسابقتی بڈنگ کے مطابق ہوگا اور جملہ اہل پیشکش دہندگان کے لئے کھلی ہے۔ RFP دستاویز میں صراحت کردہ معیار کے مطابق سب سے زیادہ ٹیکنیکل اور فنانشل اسکور حاصل کرنے والے انتہائی فائدہ مند پیشکش دہندگان کو کنٹریکٹ تفویض کیا جائے گا۔

امکانی تجویز کنندگان مزید معلومات RFP دستاویز کے حصول سے حاصل کر سکتے ہیں جو -/5000 پاکستانی روپے (صرف پانچ ہزار روپے) کا پے آرڈر بنام سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی جمع کروا کر 22 جولائی تا 20 اگست 2024ء تک یا تو (a) طبعی طور پر درج ذیل پتہ پر تحریری درخواست جمع کروا کر یا (b) برقی طور پر پروکیورنگ ایجنسی کو بذریعہ ای میل ایڈریس info.smta@sindh.gov.pk پر درخواست ارسال کر کے یا پروکیورنگ ایجنسی کی ویب سائٹ https://smta.sndh.gov.pk یا SPPRA کی ویب سائٹ https://ppms.pprasindh.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔ ٹیکنیکل اور فنانشل پروپوزلز پر مشتمل پروپوزل جملہ ضروری دستاویزات کے ساتھ جداگانہ طور پر سربمہر ہوں اور سربمہر لفافے میں جمع کرانا چاہئے جس پر اسائنمنٹ کا ٹائٹل "سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر (G2G&G2P) کی جانچ پڑتال کے لئے ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز کا حصول اور سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کیلئے بسوں اور دیگر گاڑیوں (EV اور ڈیزل ہائی برڈ) کے حصول اور آپریشنز کیلئے پروپوزلز" درج ہو جو (جمع کرانے کی آخری تاریخ) 21 اگست 2024ء، بوقت دوپہر 12:00 بجے یا قبل ازیں لازماً جمع کرانی چاہئے۔ کسی بھی وجہ سے تاخیر سے موصولہ پیشکش قبول نہیں کی جائے گی۔ پیشکش (صرف ٹیکنیکل پروپوزلز) ذیل میں دیئے گئے پتہ پر جمع کرانے کی آخری تاریخ کو بوقت دوپہر 12:30 بجے تجویز دہندگان کے نمائندوں کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

## پروپوزلز کے جمع کرانے اور کھولنے کے لئے پتہ:

متوجہ ہوں: مینیجنگ ڈائریکٹر، سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی، ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ ڈپارٹمنٹ حکومت سندھ۔

پتہ: مکان نمبر D-43 & D-43/1، شاہراہ غالب بلاک 2، کلفٹن کراچی پاکستان

ٹیلیفون: 8-99332206-21-92 +

ای میل: info.smta@sindh.gov.pk

جملہ پروپوزلز نوے (90) یوم کی مدت کے لئے لازماً کارآمد اور موثر رہنی چاہئیں جس کا اطلاق ٹیکنیکل بڈز کے کھلنے کی تاریخ سے ہوگا اور پاکستان کے شیڈول بینک کی جانب سے جاری کردہ کارآمد وموثر پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ/ بینک گارنٹی بحق مینیجنگ ڈائریکٹر سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کی شکل میں اسائنمنٹ کی ٹوٹل پیشکش کردہ قیمت کی 1% مساوی بڈ سیکورٹی لازماً منسلک ہو۔

پری۔ پروپوزل کانفرنس/ میٹنگ 30 جولائی 2024ء (بروز منگل) کو بوقت دوپہر 12:00 شیڈولڈ ہے۔ SMTA سندھ پبلک پروکیورمنٹ رولز 2010 (تا حال) کی متعلقہ شق کے مطابق جملہ یا کسی پروپوزل کو مسترد کر دینے کے حقوق محفوظ رکھتی ہے۔ RFP دستاویزات کے حصول کے لئے بحوالہ بالا پتہ ہے۔

**مینیجنگ ڈائریکٹر**

**سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی**

**ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ ڈپارٹمنٹ، حکومت سندھ**

مکان نمبر D-43 & D-43/1، شاہراہ غالب بلاک 2، کلفٹن کراچی پاکستان

ٹیلیفون: 8-99332206-21-92 +

ای میل: info.smta@sindh.gov.pk

INF/KRY-NO 2304/2024

پڑھے گا سندھ تو... بڑھے گا سندھ